روحانی وجسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل صرف خزینۂ روحانیات
ماھنامہ
خزینۂ روحانیات
لاھور
DECEMBER
2022
جلد نمبر
13
شمارہ نمبر
8
قیمت
80
روپے
طلسمی انگشتری
مستقل حفاظت
اعمال عداوت
اَللّٰہُ الْجَامِعُ
القرآن الکریم
تسخیر جنات کے اعمال
حاضرات کا مجرب عمل
درگاہ پر شفایابی کے چند واقعات
جسمانی بیماریوں کے روحانی علاج
darulamal.org/magazines/ruhani
khazinaeruhaniyat
khazinaruhanyat

# ھانڈی کے خاص عمل کے عامل بنیں اور بنائیں

**درجہ اول ہدیہ: -/5500 روپے**

**درجہ دوم ہدیہ: -/10500 روپے**

**تعارف** ہانڈی کا عمل روحانی علاج میں ایک خاص اہمیت کا حامل ہے۔ یہ عمل بڑے اعمال میں آتا ہے۔ جس طرح طبی علاج میں آپریشن بڑا علاج تصور کیا جاتا ہے۔ اسی طرح ہانڈی کے علاج کی حیثیت روحانی علاج میں آپریشن کی سی ہے۔ اس عمل سے ہر قسم کے جنات، جادو اور نظر بد کا علاج کیا جاسکتا ہے۔ ایسی تمام جگہیں جہاں پر جنات کا قبضہ ہو یا سخت جادو ہو، ہانڈی کا عمل کرنے سے وہ جگہیں صاف ہوجاتی ہیں۔ نیز مختلف قسم کے ایسے خطرناک امراض، جو ٹھیک ہونے کا نام نہ لے رہے ہوں اور ڈاکٹرز اور طبیبوں نے انہیں لاعلاج قرار دے دیا ہو، اُن امراض کے علاج میں بھی ہانڈی کا عمل بہت مفید و موثر ثابت ہوا ہے۔ ہانڈی کے عمل میں مریض یا جگہ پر جو بھی بد اثرات یا مخلوق ہوتی ہے، اس کو جلا دیا جاتا ہے۔

> ہمارے ادارے کو یہ امتیاز حاصل ہے کہ ہانڈی کے عمل کے اجازت یافتہ کو جناتی معاونت دی جاتی ہے تاکہ وہ سخت جنات و جادو کا آسانی سے مقابلہ کرسکے۔

**ہانڈی کے عمل کے فائدے** ہانڈی کے عمل کے فائدے درج ذیل ہیں:

** بڑے سے بڑے جنات، آسیب، عفریت، شیاطین وغیرہ سے لڑنے اور ان کو جلانے کا خاص عمل۔

** ہر قسم کا جادو، چاہے وہ کتنا ہی خطرناک کیوں نہ ہو، اس کو ختم کرنے اور جادو کو جادوگر یا جادو کروانے والے پر واپس کرنے کا خاص عمل۔

** ہر قسم کی نظر بد (انسانی، جناتی، آسیبی، شیطانی) ختم کرنے کا عمل** دیرینہ امراض یا لاعلاج امراض سے شفاء حاصل کرنے کا خاص عمل۔

**پہلے اور دوسرے درجے کی تفصیل** **درجہ اول:** اس درجے کا اجازت یافتہ جادو، جنات، نظر بد، شیاطین، دیو، پری، بھوت، چڑیل اور اسی طرح کی دیگر نقصان دہ مخلوق کے اثرات کا علاج کرسکتا ہے۔ اسی طرح لاعلاج بیماریوں کا بھی علاج کرسکتا ہے۔ **درجہ دوم:** اس درجے کا اجازت یافتہ درجہ اول کے تمام اعمال کرنے کے ساتھ دو (۲) خاص الخاص اعمال، جو سخت سے سخت جادو، بڑے بڑے شیاطین، جنات اور جادوگروں کو سبق سکھانے اور ان کا خاتمہ کرنے کے لئے ہیں، اُن کی تعداد چاہے جتنی بھی ہو، کرسکتا ہے۔ نیز محبت، مفرور کو واپس لانے اور رشتہ کے لئے راضی کروانے کا عمل بھی کرسکتا ہے۔

**اجازت کے لیے اہلیت** اس عمل کی اجازت صرف وہ عاملین لے سکتے ہیں، جنھوں نے کم از کم دو یا تین ایسے بڑے عمل کیے ہوں، جن کے ذریعے ہر قسم کے جادو اور جنات کا علاج کیا جاسکے۔ مثلاً ہماری درسگاہ کے دو بڑے اعمال (۱) سات سلام اور چہل کاف (۲) امنت باللہ...... کے عامل ہانڈی کے عمل کی اجازت لے سکتے ہیں۔ نیز عاملین کے حصار مضبوط ہوں۔ ورنہ رجعت کا خطرہ رہتا ہے۔

**اجازت لینے کا طریقہ** اس عمل کی اجازت نقد ھدیہ کے ساتھ مشروط ہے۔

اجازت لینے کے بعد غائبانہ طور پر بڑے جنات کی معاونت بوقتِ عمل حاصل ہوگی۔ ساتھ ہی ہانڈی کے عمل کو استعمال کرنے کی خاص بیاض بھی دی جاتی ہے جس میں بہت سے سوالات و جوابات بھی دیے گئے ہیں تاکہ عاملین بآسانی یہ عمل کرسکیں اور رجعت سے بھی بچ سکیں۔

**آگے سکھانے کی خاص اجازت** جو عامل یہ چاہتے ہیں کہ اس عمل کو آگے سکھائیں، وہ پہلے خود اس عمل کے عامل بنیں۔ پھر **"آگے سکھانے کی خاص اجازت"** حاصل کرکے سکھائیں۔ بغیر اجازت، کسی کو عمل سکھانے کی صورت میں ان کا اپنا عمل بھی ضائع ہوگا اور نقصان کے ذمہ دار بھی خود ہوں گے۔

اسلامی، تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال "دو خاص نمبر" شائع کرتا ہے

# ماہنامہ خزینۂ روحانیات لاہور

جلد 13 جمادی الاول ۱۴۴۴ھ / دسمبر 2022ء شمارہ 8





darulamal.org/magazines/ruhani
khazinaeruhaniyaat@gmail.com
khazinaeruhaniyat khazinaruhanyat

برائے ماہنامہ خزینہ روحانیات، سرکولیشن، اشتہارات اور دیگر تمام معاملات
0322-4773786, 042-35410586




## قیمت 80 روپے

سالانہ ممبر شپ عام ڈاک 940 روپے، رجسٹرڈ ڈاک 1340 روپے

سالانہ ممبر شپ بذریعہ TCS: لاہور کے لیے 1540 روپے

لاہور کے قریبی اضلاع کیلئے: 1940 روپے / لاہور سے دور کے اضلاع کیلئے: 2700 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی 27، 28، 29 تاریخ کو رسالہ Post کیا جاتا ہے۔

ممبر شپ بذریعہ Whatspp/Email: 700 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی یکم تاریخ کو رسالہ Whatspp/Email کیا جائے گا

مشیر قانونی: چوہدری فیصل منظور (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

بروز جمعۃ المبارک ادارہ بند رہے گا

## رقم کی ادائیگی کے طریقے

### ضروری ہدایات:

1. رقم بھیجنے کے بعد منی آرڈر رسید / موبائل اکاؤنٹس کی ٹرانزیکشن ID یا سکرین شارٹ / بینک ڈپازٹ سلپ 0302-8401977 پر واٹس ایپ کیجیے یا مکمل تفصیل ایس ایم ایس کیجیے یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔ رقم جمع کروانے سے پہلے بل کی مکمل تفصیل کیلئے پہلے متعلقہ شعبے کے فون نمبر پر رابطہ کیجئے۔ جو بل بتایا جائے، اتنی ہی رقم جمع کروائی جائے۔
2. موبائل اکاؤنٹس سے رقم نکلوانے پر اضافی چارجز کمپنی والے وصول کرتے ہیں۔ اس لئے موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروانے کی صورت میں اضافی چارجز بل میں لگائے جائیں گے۔

**1 منی آرڈر:** بنام دار العمل چشتیہ، 586 کامران بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کے پتے پر منی آرڈر کریں۔ فارم پر اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور مطلوبہ رقم کی تفصیل لازمی تحریر کریں۔

**2 موبائل اکاؤنٹس:** درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروا سکتے ہیں۔

- easypaisa: بنام خالد مقبول۔ 03437772772
- JazzCash: 1 بنام مکتبۃ العارف۔ 03028401977
- 2 #0*786* ملائیں اور Till Id_ 0016 5958 درج کریں۔
- UBL Omni: بنام خالد مقبول۔ 03437772772
- Upaisa: بنام خالد مقبول۔ 33343082867

**3 بینک اکاؤنٹس:** درج ذیل دونوں اکاؤنٹس میزان بینک کے ہیں۔

**1 برائے ماہنامہ خزینۂ روحانیات:**
بنام Khazina-e-Ruhaniyaat برانچ کوڈ (0288) اکاؤنٹ نمبر 0102830736

**2 برائے دیگر تمام شعبہ جات:**
بنام Darol-Amal برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0102913466

مزید تفصیلات کے لیے لنک وزٹ کیجئے: darulamal.org/payment


دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org
info@darulamal.org
darulamalchisht darulamalchishtia
موبائل: 0343-7772772 0322-7772772
موبائل: 0312-7772772, 0306-7772772 (ufone)
پتہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔ فون 042-35410586



خالد مقبول پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر دار العمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا


ادارہ دار العمل چشتیہ کی ویب سائٹ (تمام شعبہ جات) http://darulamal.org/

# فہرست مضامین

دسمبر 2022ء — جمادی الاول ۱۴۴۴ھ

## بڑا رزاق ہے اللہ

مگرمچھ ہوکہ مچھلی ہو وہی گہرے سمندر میں
زمین میں کینچوے کو تو، وہیں کیڑوں کو پتھر میں
ہمیشہ رزق دیتا ہے ہے
بڑا رزاق ہے اللہ

وہ دیتا ہے ہنس کو موتی، شکر خورے کو شکر ہے
گدھے کو گھاس ملتی ہے، مگر مکڑی کو مچھر ہے
وہ یوں بھی رزق دیتا ہے
بڑا رزاق ہے اللہ

وہ کافر ہوکہ مومن ہو، برابر ملتی ہے روزی
دہریہ بھی توکھاتا ہے، بڑی ہی شان سے روٹی
سبھی کو رزق دیتا ہے
بڑا رزاق ہے اللہ

جوشاکر ہیں بہر صورت، وہ ان کا پیٹ بھرتا ہے
وہی نا شکرے بندوں کی، وہ پوری فکر کرتا ہے
ہمیں بھی رزق دیتا ہے
بڑا رزاق ہے اللہ

جو رب ہے کل جہانوں کا، اسی رب کا وہ کھاتے ہیں
کروڑوں لوگ دنیا کے اسی سے رزق پاتے ہیں
جہاں کو رزق دیتا ہے
بڑا رزاق ہے اللہ

مختار ٹونکی

## بے خود کیے دیتے ہیں اندازِ حجابانہ

بے خود کیے دیتے ہیں اندازِ حجابانہ
آ دل میں تجھے رکھ لوں اے جلوۂ جانانہ!
بس اتنا کرم کرنا اے چشمِ کریمانہ
جب جان لبوں پر ہو، تم سامنے آ جانا
جب تم نے مجھے اپنا، دنیا میں بنایا ہے
محشر میں بھی کہہ دینا یہ ہے میرا دیوانہ
جی چاہتا ہے تحفے میں بھیجوں انہیں آنکھیں
درشن کا تو درشن ہو نذرانے کا نذرانہ
پینے کو تو پی لوں گا پر شرط ذرا سی ہے
اجمیر کا ساقی ہو بغداد کا مئے خانہ
کیوں آنکھ لگائی تھی؟ کیوں آنکھ ملائی تھی؟
اب رُخ کو چھپا بیٹھے، کر کے مجھے دیوانہ!
بیدم میری قسمت میں، سجدے ہیں اسی در کے
چھوٹا ہے نہ چھوٹے گا، سنگِ درِ جانانہ

بے دم وارثی

مولانا علی آفاق
مدیر: ماہنامہ خزینہ روحانیات

# روحانی خدمات

محترم قارئین آج خزینہ روحانیات کے آپ سب دوستوں، کرم فرماؤں کو روحانی موتی پیش کرتے ہوئے ایک دہائی سے زیادہ گزر چکا ہے۔ اس سفر میں بہت ساری اونچ نیچ آئیں ہے۔ نشیب و فراز بھی آئے۔ سرد گرم مالی معاشی بحران بھی آئے مگر خدائے عز وجل کی خصوصی کرم و فضل کے ساتھ حضور ﷺ کے وسیلے سے اللہ وحدہ لاشریک نے کامیابی و سرخروئی سے نوازا۔ اس سارے سفر میں سب سے اہم چیز ہماری ٹیم کے پیش نظر رہی وہ تھی آپ دوستوں کی رسالے اور ادارے کے ذریعے روحانی خدمات سرانجام دینا۔ سرتوڑ کوشش، محنت، حوصلے اور آپ کے حوصلہ افزاء فیڈ بیک نے ہمیں گرنے نہیں دیا۔ ہمارے مصنفین حضرات، قارئین کی محبت اور بروقت مشورہ آج ہمارے رسالے کے لئے ایک روشن شمع ہے۔ روحانی علوم میں جو درجہ اور روحانی علاج میں جو مقام الحمد للہ آج خزینہ روحانیات اور ادارہ دارالعمل چشتیہ کو حاصل ہے وہ خدائے بزرگ و برتر کی عطاء و دین ہے۔ اب ہم چلتے ہیں اس سخت اور سرد موسم میں مایوسی، ناامیدی اور تباہی اور بربادی سے نکالنے کے لائحہ عمل کی طرف کہ ہر طرف یہ شور و غوغا ہے کہ ہم سے علاج کروایا مگر بے سود۔ ہم نے وظائف کی ایک لمبی گردان کی مگر بے فائدہ۔ ہم نے ہر در پر دستک دی مگر حالات ٹس سے مس نہ ہوئے۔ ہم دوسری اور بعض تیسری نسل سے اس مشکل اور پریشانی کا شکار ہیں۔

اب ناامیدی کے اس گھٹاٹوپ اندھیرے میں بھٹک رہے ہیں کہ نعوذ باللہ قرآنی وظائف سے بدظن ہیں۔ ایمان کی شمع روز بروز آخری سانس لے رہی ہے تو ایسے حالات میں کیا ایسا لائحہ عمل ہو کہ ہمارا امتحان، ہماری آزمائش، دکھ اور غم کی طویل رات صبح روشن میں تبدیل ہو جائے۔ ایسا قسمت کا روشن ستارہ طلوع ہو۔ ایسی روشن اور خوبصورت سورج کی کرن نمودار ہو کہ آئندہ ہمارے حالات میں درستگی، پختگی اور کامیابی ملے کہ اس کو ہمارے دشمنوں کے جتھے بھی ناکامی میں بدلنے سے قاصر ہوں۔ پریشان ہوں، سرگرداں ہوں، بالآخر مایوس ہو کر آپ کے خلاف روحانی کوششوں سے عاجز آ کر پیچھے ہٹ جائیں۔

اس کے لئے سب سے پہلے تو یہ دیکھیں کہ جس حالات کا آپ شکار ہیں اس میں معالج اور آپ کا راہنما کہاں ہے؟ اگر نہیں ہے تو پھر آپ کا پہلا قدم اور بنیاد کی پہلی اینٹ ہی غلط ہے، لہٰذا تعمیر بھی سیدھی نا ہوگی۔ دوسری بات معالج اگر ہے تو ہم نے اس سے یہ استفسار کیا ہے کہ علاج کے بعد دوبارہ ہماری حفاظت، عافیت کا کیا بندوبست ہے کیونکہ دشمن ذرا سا دور ہوا ہے مگر غفلت برتنے کے ساتھ ہی دوبارہ زیادہ طاقت سے حملہ آور ہوگا۔ تیسری بات یہ کہ حفاظت بعد عافیت حصار کا ایک دفعہ بتانا، دینا، حوالے کرنا صرف ایک مرتبہ معالج کے ذمہ ہے۔ آئندہ حفاظت آپ کو خود کرنی ہے وہ بھی اس صورت میں کہ معالج حصار عطاء کرنے کے قابل ہو۔ چوتھی بات یہ ہے کہ آئندہ عمل کی ملکیت اور تشخیص واستخارہ کی صلاحیت واستعداد ہی نہیں بلکہ کنجی اور چابی بھی آپ کے حوالے کی جائے تا کہ آپ دنیا کے کسی بھی خطے میں لوگوں کی محتاجی، بیساکھی اور آستانوں پر بار بار حاضری سے عافیت پاسکیں۔ یہ ساری مذکورہ تفصیل آپ کو پوری دنیا میں صرف ادارہ دارالعمل ہی میں میسر ہے۔ لہٰذا آپ آج ہی آگے بڑھ کر گھر کے ایک فرد کو کم از کم اس قابل بنانے کے لئے رابطہ کریں۔

# عارفین الٰہی کے حال و اقوال

شیخ الطریقت حضرت مولانا ڈاکٹر محمد ادریس حفظہ اللہ

مولانا قاری محمد طیب صاحبؒ کے مواعظ میں ہے کہ حضرت مولانا محمد قاسم نانوتویؒ جب کلیر شریف زیارت کے لئے تشریف لے جاتے تھے تو بہت دور پہلے سے اپنے جوتے ہاتھ میں لے لیا کرتے تھے۔ (ماخوذ از فیضان ذکیؒ، ماہنامہ نقوش عالم بنگلور، مئی ۲۰۱۳ء، صفحہ: ۱۵)

علامہ طحطاویؒ نے نقل کیا ہے کہ قاضی ابو عاصمؒ ایک حنفی عالم تھے۔ ایک مرتبہ وہ مشہور شافعی عالم علامہ قفال رحمۃ اللہ علیہ کی مسجد میں مغرب کی نماز پڑھنے گئے۔ شافعی مسلک میں اذان کہتے وقت ''اشھد ان لا الہ الا اللہ'' اور ''اشھد ان محمد رسول اللہ'' اور ''حی علی الصلاۃ'' اور ''حی علی الفلاح'' صرف ایک ایک مرتبہ کہے جاتے ہیں، جبکہ فقہ حنفی کے مطابق دوبار۔ علامہ قفالؒ نے قاضی ابو عاصمؒ کو مسجد میں دیکھا تو ان کے احترام میں مؤذن کو حکم دیا کہ آج تم تکبیر کے کلمات دو مرتبہ کہنا۔ اس کے بعد انہوں نے قاضی ابو عاصمؒ سے نماز پڑھانے کو کہا تو قاضی صاحبؒ نے نماز پڑھاتے وقت سورۂ فاتحہ سے قبل بسم اللہ جہراً پڑھی اور نماز کے کئی دوسرے افعال (زور سے آمین، رفع یدین وغیرہ) بھی شافعی مسلک کے مطابق ادا کئے۔

ایک مرتبہ ایک لومڑی کا گزر ایک درخت پر ہوا۔ اس نے درخت پر ایک مرغ کو دیکھا اور مرغ سے کہا: ''ارے بھائی! نیچے اتر آؤ تاکہ ہم جماعت سے نماز پڑھ لیں۔'' مرغ نے جواب دیا ''میں بھی یہی سوچ رہا ہوں، لیکن امام صاحب ادھر درخت کے پیچھے سو رہے ہیں۔ انہیں ذرا بیدار کرلو۔'' لومڑی نے پلٹ کر درخت کے پیچھے دیکھا تو اس کی نظر ایک موٹے تازے کتے پر پڑی جس کو دیکھ کر لومڑی بدحواس ہوگئی اور بے تحاشہ پیٹھ پھیر کر بھاگ کھڑی ہوئی۔ مرغ نے چلا کر کہا ''اے! بھاگتی کیوں ہو؟ کیا جماعت سے نماز نہیں پڑھو گے؟'' لومڑی بھاگتے ہوئے کہے جارہی تھی کہ ''میرا وضو ٹوٹ گیا ہے، تازہ وضو کر کے آنے تک میرا انتظار کرنا۔'' (مجانی الادب، ج: ۲)

ایک دفعہ لوگوں نے مجنوں سے کہا کہ لیلیٰ مرگئی۔ مجنوں نے کہا: ''میں غمگین نہیں ہوں، بلکہ مجھے ندامت و شرمندگی اس بات کی ہے کہ ایک ایسی ہستی سے محبت ہی کیوں کی جو فانی ہو۔'' (فوائد الفوائد، صفحہ: ۲۲)

اللہ تبارک وتعالیٰ کبھی کبھی مجاہدہ غیر اختیاریہ بھی کروا دیتے ہیں (جو اس کے درجات کی بلندی اور مقامات عالیہ کی حصول یابی کے لئے ضروری ہوتا ہے)۔ ایک دولت مند آدمی نے ایک عزیز باندی کو ایک نامور بزرگ کی خدمت میں ہدیہ کرنا چاہا۔ باندی نے عرض کیا کہ جن بزرگ کے گھر آپ مجھے بھیجنا چاہتے ہیں، ان کی تو کوئی برائی کرتا ہی نہیں، نہ ان پر طعن و تشنیع کرتا ہے۔ حالانکہ انبیاء اور اولیاء کی ایک شناخت یہ بھی ہے کہ کوئی نہ کوئی ان کی برائی کرنے والا، اعتراض کرنے والا ہوتا ہے۔ بہر حال تین دن کے لئے مجھے ان کے گھر بھیج دیجئے۔ پھر جیسا ہوگا، میں آپ کو اپنے فیصلے سے آگاہ کروں گی۔ باندی مذکورہ بزرگ کے گھر میں آگئی، تو محلہ کی ایک عورت آگ لینے ان کی اہلیہ کے پاس آئی تو انہوں نے شکایتاً کہا کہ یہاں کئی دن سے چولہا نہیں جلا ہے، ان کو ہماری اور ہماری ضروریات کی کوئی فکر نہیں ہے۔ کچھ دیر بعد مذکورہ بزرگ نے کسی خادم کو اپنے گھر بھیجا کہ اگر کوئی ضرورت ہے تو بتا دیجئے۔ اس خادم کو بھی اہلیہ نے پھٹکار سنادی۔ یہ حالات دیکھ کر باندی جان گئی کہ ان کی برائی کرنے والے تو ان کے گھر کے اندر ہی ہیں، باہر والوں کی کیا ضرورت۔ ہر وقت، ہر آن برائی کرنے والا موجود ہے۔ الغرض بزرگان دین کو کبھی ایسے ناپسندیدہ حالات اور واقعات پیش آجاتے ہیں کہ بظاہر تکلیف و رسوائی کا سامان ہے، لیکن اندرونی طور پر بڑے بڑے انعام اور راحت و سکون کا سامان بن جاتے ہیں۔

حضرت رابعہ بصریؒ متوفی 135ھ کو ایک دن خواجہ حسن بصریؒ کے گھر جانے کا اتفاق ہوا۔ وہ اپنے عبادت خانہ کی چھت پر بیٹھے اس قدر رو رہے تھے کہ آپ کے آنسو پرنالے سے نیچے بہہ رہے تھے۔ (رونے کی رغبت اور آنسوؤں کا خزانہ جتنا سلف وصالحین کو نصیب ہوا، آج کے دور میں اس کے دسویں حصہ کا تصور بھی ممکن نہیں۔ بشرطیکہ ایمانداری اور حقیقت پسندی کے ساتھ جائزہ لیا جائے) حضرت رابعہ بصریؒ نے دریافت کیا: ''یہ کیسا پانی ہے؟'' جب حقیقت معلوم ہوئی تو آپؒ نے فرمایا: ''اے حسن! اگر یہ گریہ رعونت نفس

(بقیہ: ص 19)

# الرَّزَّاقُ جل جلالہ

مولانا محمد حنیف عبدالمجید مدظلہ

## ایسی جگہ سے رزق دیتے ہیں، جہاں سے وہم و گمان بھی نہیں ہوتا

اللہ ﷻ "الرَّزَّاقُ" ہیں، وہ روزی دینے والے ہیں اور روزی اسباب کے موافق دیتے ہیں اور وہ ایسی جگہ سے دیتے ہیں جہاں سے روزی ملنے کا گمان بھی نہیں ہوتا۔ اللہ جل جلالہ قرآن کریم میں فرماتے ہیں۔

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۝ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ (الطلاق:۲-۳)

**ترجمہ:** "جو شخص اللہ سے ڈرتا ہے، اللہ اس کے لئے (مضرتوں سے) نجات کی شکل نکال دیتا ہے اور اس کو ایسی جگہ سے رزق پہنچاتا ہے جہاں سے اس کا گمان بھی نہیں ہوتا۔"

تقویٰ یعنی گناہوں سے ڈرنے اور بچنے کا اہتمام کرنے اور گناہ ہو جائے تو فوراً سچی توبہ واستغفار کر لینے سے الرَّزَّاقُ ﷻ ایسی جگہ سے روزی دیتے ہیں کہ انسان کو وہم و گمان بھی نہیں ہوتا۔

❶ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: حضور ﷺ نے تین (300) سو صحابہ کا ایک لشکر ساحل سمندر کی طرف بھیجا اور حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ان کا امیر بنایا۔ چنانچہ ہم مدینہ سے چلے۔ راستہ میں توشہ ختم ہو گیا تو حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حکم دیا کہ لشکر کے تمام توشے جمع کئے جائیں۔ چنانچہ تمام توشے جمع کئے گئے تو کھجور کے دو توشے دان بن گئے۔ حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہمیں ان میں سے تھوڑا تھوڑا روز دیتے رہے، پھر یہ توشے دان بھی ختم ہو گئے اور ہمیں روزانہ صرف ایک کھجور ملنے لگی۔ راوی نے (حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے شاگرد نے) کہا کہ ایک کھجور پر کیسے گزارہ ہوتا ہوگا؟

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: اس کی قدر اس وقت معلوم ہوئی جب وہ ایک کھجور بھی ملنی بند ہو گئی۔ پھر ہم جب ساحل سمندر پر پہنچے تو وہاں چھوٹے پہاڑ جتنی اونچی ایک مچھلی ملی، جس کے گوشت کو سارا لشکر اٹھارہ دن تک کھاتا رہا۔ (دوسری روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم ایک ماہ تک کھاتے رہے) پھر حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فرمانے پر اس مچھلی کے دو کانٹے کھڑے کئے گئے اور ایک اونٹنی پر کجاوہ رکھا گیا، پھر وہ اونٹنی ان کانٹوں کے نیچے سے گزری اور اس کا سر یا کوہان کانٹوں کو نہ لگا۔ (رواہ مسلم: ۲/۱۴۷)

❷ حضرت ماریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا جو کہ بعد میں مسلمان ہو گئی تھیں، وہ فرماتی ہیں: حضرت خبیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو میرے گھر میں قید کیا گیا تھا۔ ایک روز میں نے دروازے کے جھروکے سے جھانکا تو ان کے ہاتھ میں انسان کے سر کے برابر انگور کا ایک خوشہ تھا، جس میں سے وہ کھا رہے تھے۔ میرے علم میں اس وقت روئے زمین پر کہیں بھی کھانے کے لئے انگور نہیں تھے۔ (حلیۃ الاولیاء: ۱/۱۵۹)

❸ حضرت عبدالرحمن بن یزید بن جابر رحمہ اللہ تعالیٰ کہتے ہیں: حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ایک باندی (جو پہلے عیسائی تھیں انہوں) نے مجھے یہ واقعہ بیان کیا کہ حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دوسروں پر خرچ کرنا بہت پسند تھا اور وہ اس کے لئے مال جمع کیا کرتے تھے اور کسی سائل کو خالی ہاتھ واپس نہیں کرتے تھے، اور کچھ نہ ہوتا تو ایک پیاز یا ایک کھجور یا کھانے کی کوئی چیز ہی دے دیتے۔

ایک دن ایک سائل ان کے پاس آیا۔ اس وقت ان کے پاس ان میں سے کوئی چیز نہیں تھی، صرف تین دینار تھے۔ اس سائل نے مانگا تو ایک دینار اُسے دے دیا، پھر دوسرا آیا تو ایک دینار اُسے دے دیا، پھر تیسرا آیا تو ایک دینار اُسے دے دیا۔ جب تینوں دے دیے تو مجھے غصہ آ گیا۔ میں نے کہا کہ آپ نے ہمارے لئے کچھ بھی نہیں چھوڑا۔ پھر وہ دوپہر کو آرام کرنے لیٹ گئے۔ جب ظہر کی اذان ہوئی تو میں نے انہیں اٹھایا اور وہ وضو کر کے مسجد چلے گئے۔ چونکہ ان کا روزہ تھا، اس لئے مجھے ان پر ترس آ گیا اور میرا غصہ اتر گیا۔ پھر میں نے قرض لے کر ان کے لئے رات کا کھانا تیار کیا اور

شام کو ان کے لئے چراغ بھی جلایا۔ پھر میں چراغ ٹھیک کرنے کے لئے ان کے بستر کے پاس گئی اور بستر اُٹھایا تو اس کے نیچے سونے کے دینار رکھے ہوئے تھے۔ میں نے انہیں گنا تو وہ پورے تین (300) سو تھے۔ میں نے کہا چونکہ اتنے دینار رکھے ہوئے تھے، اس وجہ سے انہوں نے تین دینار کی سخاوت کی ہے۔

پھر وہ عشاء کے بعد گھر واپس آئے تو دستر خوان اور چراغ دیکھ کر مسکرائے اور کہنے لگے کہ معلوم ہوتا ہے یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کے ہاں سے آیا ہے (کیونکہ ان کا خیال یہ تھا کہ گھر میں کچھ بھی نہیں تھا، اس لیے نہ کھانا ہوگا اور نہ چراغ)۔ میں نے کھڑے ہو کر ان کا استقبال کیا، انہیں کھانا کھلایا، پھر میں نے کہا: اللہ آپ پر رحم فرمائے! آپ اتنے سارے دینار یوں ہی چھوڑ گئے، جہاں سے ان کے گم ہونے کا خطرہ تھا۔ مجھے بتایا بھی نہیں کہ اٹھا کر رکھ لیتی۔ کہنے لگے: کون سے دینار؟ میں تو کچھ بھی نہیں چھوڑ کر گیا۔ پھر میں نے بستر اٹھا کر انہیں وہ دینار دکھائے۔ دیکھ کر خوش بھی ہوئے اور بہت حیران بھی ہوئے۔ (کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے غیبی خزانے سے عطا فرمائے ہیں۔) یہ دیکھ کر میں بھی بہت متاثر ہوئی اور میں نے کھڑے ہو کر زنار کاٹ ڈالا (زنار اس دھاگے یا زنجیر کو کہتے ہیں جسے عیسائی کمر میں باندھتے تھے) اور مسلمان ہوگئی۔

حضرت ابن جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں: میں نے اس باندی کو حمص کی مسجد میں دیکھا کہ وہ عورتوں کو قرآن، فرائض اور سنتیں سکھا رہی تھی اور دین کی باتیں سمجھا رہی تھی۔ (حلیۃ الاولیاء: ۱۰/ ۱۳۳)

❹ حضرت مقداد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیوی، حضرت ضباعہ بنت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتی ہیں: لوگ دو یا تین دن کے بعد قضائے حاجت کے لئے جاتے تھے، (کیونکہ کھانے کو ملتا نہیں تھا) اور اونٹ کی طرح مینگنی کیا کرتے تھے۔ ایک دن حضرت مقداد رضی اللہ تعالیٰ عنہ قضائے حاجت کے لئے گئے اور ''بَقِیْعُ الْغَرْقَد'' میں ''جَجَبہ'' مقام میں ایک بے آباد جگہ قضائے حاجت کے لئے بیٹھ گئے۔ اتنے میں ایک بڑا سا چوہا ایک دینار اپنے بل میں سے باہر لایا۔ اور ان کے سامنے رکھ کر اپنے بل میں چلا گیا۔ اور ایک ایک دینار لاتا رہا، یہاں تک کہ سترہ دینار ہوگئے۔

حضرت مقداد رضی اللہ تعالیٰ عنہ وہ سترہ دینار لے کر حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور سارا واقعہ عرض کیا۔ حضور ﷺ نے پوچھا: کیا تم نے اپنا ہاتھ بل میں داخل کیا تھا؟

حضرت مقداد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا: نہیں۔ اس ذات کی قسم جس نے آپ ﷺ کو حق دے کر بھیجا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: (چونکہ یہ دینار تم نے اپنی محنت سے حاصل نہیں کئے، بلکہ اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت سے غیبی خزانے سے دیئے ہیں، اس لئے) ان دیناروں میں خمس دینا تم پر لازم نہیں آتا۔ اللہ تعالیٰ تمہیں ان دیناروں میں برکت عطا فرمائے۔

حضرت ضباعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہتی ہیں: اللہ تعالیٰ نے ان دیناروں میں بہت برکت عطا فرمائی اور وہ اس وقت ختم ہوئے جب میں نے حضرت مقداد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے گھر میں چاندی کے درہموں کی بوریاں دیکھیں۔ (حیاۃ الصحابہ (عربی): ۳/ ۹۲۰)

❺ ''الرَّزَّاقُ جل جلالہ'' نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا سے بنی اسرائیل کو میدان تیہ میں (جب ان کو بھوک کا تقاضہ ہوا تو) ''مَنّ وَسَلْوٰی'' نازل فرمادیا۔ یعنی درختوں پر ترنجبین (جو ایک شیریں چیز ہے) بکثرت پیدا کردی اور بٹیریں ان کے پاس جمع ہوجاتیں، ان سے بھاگتی نہ تھیں۔ یہ ان کو پکڑ لیتے اور ذبح کرکے کھاتے رہتے تھے۔ اُن کو پانی کی ضرورت پیش آئی تو ایک پتھر پر لاٹھی مارنے کا حکم دیا گیا۔ اس پتھر سے چشمے پھوٹ پڑے۔ ان لوگوں نے رات کو اندھیری کا شکوہ کیا تو اللہ تعالیٰ نے غیب سے ایک روشنی عمودی شکل میں ان کے محلے کے درمیان قائم فرمادی، کپڑے میلے ہوئے اور پھٹنے لگے تو اللہ تعالیٰ نے بطورِ اعجاز یہ صورت کردی کہ اُن کے کپڑے نہ میلے ہوں، نہ پھٹیں۔ اور بچوں کے بدن پر جو کپڑے ہیں، وہ ان کے بدن کے بڑھنے کے ساتھ ساتھ اس مقدار سے بڑھتے رہیں۔ (تفسیر قرطبی: ۱/ ۳۳۱، البقرۃ: ۵۷)

❻ حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کہ ایک آدمی نے دوسرے آدمی سے زمین خریدی، جب زمین کو کھودا تو اس میں ایک مٹکا مدفون پایا، جس میں سونا بھرا ہوا تھا۔ خریدار نے بیچنے والے سے کہا: ''خُذْ ذَهَبَكَ مِنِّي، اِنَّمَا (بقیہ: ص 17)

# روحانیات وتصوف

ازقلم: قیصر احمد بی۔اے (کراچی)

## غلام کی خریداری

ایک شخص اپنے غلام کو فروخت کر رہا تھا اور ساتھ ساتھ کہتا جاتا تھا کہ اس میں ایک کے سوا اور کوئی عیب نہیں ہے کہ یہ چغل خور اور شرانگیز ہے۔ ایک خریدار نے کہا "کوئی حرج نہیں، میں اسے خریدتا ہوں (اور خرید کر لے گیا)۔" ایک دن اس غلام نے مالک کی بیوی سے کہا کہ "بی بی! اور (کیا کہوں) مالک کو تیرے ساتھ محبت ہی نہیں رہی اور وہ ایک کنیز خریدنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ (بہر حال تم فکر نہ کرو اور) جب وہ سو جائے تو اس کے حلق کے نیچے اُسترے سے چند بال اُتار کر مجھے دے دینا تو میں ایسا جادو کروں گا کہ وہ تجھ پر فریفتہ ہو جائے گا۔"

ادھر مالک کو جا بھڑکایا کہ تمہاری بیوی (بے وفا ہے اور) کسی اور پر مرتی ہے اور تمہارے قتل کے درپے ہے۔ اگر آزمانا چاہتے ہو تو ابھی جھوٹ موٹ سو جاؤ تو قصے کی حقیقت تمہیں معلوم ہو جائے گی۔ وہ مرد ایسے لیٹ گیا جیسے سویا ہوا ہو۔ عورت جھٹ سے استرہ لے آئی اور بال کاٹنے کیلئے اس کی داڑھی کی طرف ہاتھ بڑھایا۔ وہ کن اکھیوں سے دیکھ تو رہا ہی تھا، سمجھا کہ اب قتل کئے بغیر نہ رہے گی۔ پس جھپٹ کر فوراً اٹھا اور (اسی اُسترے سے) عورت کو موت کے گھاٹ اُتار دیا۔ عورت کے رشتہ داروں کو پتہ چلا تو انہوں نے آکر اس مرد کا کام کر دیا اور پھر تو خونریزی کا ایک سلسلہ چل نکلا۔

## محمد نامی چار بزرگوں کی غیبی مدد

ابوالعباس بکرمی (حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی اولاد میں سے ہیں) فرماتے ہیں: "عصر میں محمد بن جریر طبری رحمۃ اللہ علیہ، محمد بن اسحاق بن خزیمہ رحمۃ اللہ علیہ، محمد بن نصر مروزی رحمۃ اللہ علیہ اور محمد بن ہارون رحمۃ اللہ علیہ رویانی کے قافلے ایک ہی وقت میں اکٹھے ہو گئے۔ وہاں مقدر سے سب کا توشہ ختم ہو گیا اور کسی کے پاس بھی اتنی غذا نہ رہی کہ پیٹ بھر کر کھا سکتے۔ بھوک نے ان کا برا حال کر دیا۔ ایک رات وہ سب ایک جگہ جمع ہوئے اور آپس میں اس بات پر اتفاق کیا کہ قرعہ اندازی کر لیتے ہیں۔ قرعہ میں جس کا نام نکل آئے، وہ اپنے لئے اور اپنے ساتھیوں کیلئے لوگوں سے کھانا مانگے گا۔

قرعہ میں محمد بن اسحاق بن خزیمہ رحمۃ اللہ علیہ کا نام نکل آیا۔ انہوں نے اپنے ساتھیوں سے کہا: "مجھے اتنی مہلت دو جس میں مَیں وضو کر کے دو (2) رکعت "نماز استخارہ" پڑھ لوں۔" پس وہ ادھر نماز میں مصروف ہوئے ہی تھے کہ اچانک سرکاری شمعوں کی روشنی نمودار ہوئی اور "والیٔ مصر" کا خصوصی نمائندہ دروازے پر موجود تھا۔ دروازے کھلے، وہ اندر آیا، آتے ہی اس نے پوچھا: "محمد بن نصر" رحمۃ اللہ علیہ تم میں سے کون ہے؟" بتایا گیا "یہ ہیں۔" اس نے ایک سرکاری مہر لگی تھیلی نکالی، اس میں پچاس دینار تھے اور ان کے حوالے کر دی۔ پھر پوچھا "محمد بن جریر رحمۃ اللہ علیہ کون ہے؟" بتایا گیا "یہ ہیں۔" انہیں بھی پچاس دینار کی تھیلی دی۔ پھر پوچھا "محمد بن اسحاق بن خزیمہ رحمۃ اللہ علیہ کون ہے؟" بتایا گیا "یہ رہے، نماز پڑھ رہے ہیں۔" جب وہ نماز سے فارغ ہوئے تو انہیں بھی پچاس دینار کی تھیلی دی۔ پھر کہنے لگا امیر کو گزشتہ روز نیند میں ایک خیال ستانے لگا کہ تیرے شہر میں چار "محمد" آئے ہیں اور بھوک نے انہیں نڈھال کر دیا ہے اور وہ مخلوق کے سامنے اپنی بھوک ظاہر نہیں کر رہے۔ لہٰذا جلد از جلد انہیں یہ تھیلیاں پہنچا دے۔ چنانچہ میں تمہارے پاس اس لئے آیا ہوں۔

## بیاض نظامی

قیمت 400 روپے | صفحات 136

**مصنف: ماسٹر محمد شفیع نظامی**

☆ درود شریف کا زود اثر ختم ☆ درود تسخیر ☆ سورۂ مزمل کے اعمال ☆ سورۂ مزمل کی ایک آیت کا مشکل کشا عمل ☆ بربادی دشمن کیلئے ☆ سورۂ اخلاص کے مجرب اعمال ☆ سورۂ فاتحہ کے اعمال ☆ استخارہ مجربہ ☆ ناراض شوہر کو راضی کرنے کا طریقہ ☆ نسخہ کند ذہنی ☆ علاج تنگ دستی ☆ ہر قسم کے بخار کا علاج ☆ سورۂ رحمن کے عمل ☆ زبان بندی ☆ حل المشکلات ☆ سورۂ کوثر کے اعمال ☆ دشمن سے نجات پانے کیلئے ☆ اکسیر حب آیت الکرسی کے فوائد ☆ دشمن سے نجات ☆ حاسدوں سے حفاظت ☆ آفیسر کی خوشنودی حاصل کرنا ☆ اکسیر حب مجرب ☆ ہمزاد یا موکل کی حاضری ☆ سورۂ توبہ کی خاص آیت کے فوائد ☆ کاروبار اور گھر میں خیر و برکت ☆ حاضرات عظیم ☆ حصول مراد ☆ حصول ملازمت کیلئے ☆ کشادگی رزق کیلئے ☆ مزارع، زمیندار بن گیا ☆ بسم اللہ الرحمن الرحیم کے فوائد اور اعمال ☆ ہر مشکل اور ہر مرض کا علاج ماسوا موت ☆ کشادگی رزق و کاروبار ☆ محبوب تک رسائی نہ ہو تو ☆ بھاگے ہوئے اور گمشدہ شخص کو بلانے کیلئے ☆ تسخیر خواص و عوام ☆ حاضری ہمزاد ☆ نقش قصیدہ بردہ شریف اور اس کے فوائد ☆ تسخیر خلائق ☆ حل المشکلات ☆ دشمن سے نجات ☆ اکسیر محبت اور تسخیر خاص ☆ امداد غیبی ☆ ذریعہ بخشش ☆ دعائے موسیٰ علیہ السلام ☆ سخت گیر شوہر نرم ہو



## فیوض طلسمات

**مصنف: سید فیض احمد شاہ بخاری**

**قیمت: 300 روپے صفحات: 160**

☆ تشخیص الامراض ☆ تسخیر و محبت کے طلسماتی و روحانی عملیات ☆ عملیات اسمائے سبعہ برائے حب و تسخیر ☆ دشمن کے گھر میں خون کی بارش کروانا ☆ عمل رجعت السحر ☆ علاج السحر ☆ سلب اولاد کا عمل ☆ اٹھرا کا مرض کیا ہے؟ ☆ میرا خاندانی و صدری علاج ☆ دشمن کا کاروبار تباہ کرنے کیلئے ☆ دشمن کی صحت کو تباہ و برباد کرنے کے لئے ☆ سحر و جادو کے اثرات کی حقیقت ☆ سحر و جادو کے اثرات کی مختلف اقسام کا بیان ☆ سحر و جادو کی عمومی قسم کی تعریف ☆ سحر و آسیب کی تشخیص کے عجیب و غریب طلسماتی عملیات ☆ تشخیص آسیب و جن کا معجزاتی عمل ☆ سحر و جادو کی تشخیص کا عجیب و غریب طلسماتی عمل ☆ سیارگان سبعہ کے متعلقہ منتخب نسخہ جات اور ان کی مختصر تفصیل ☆ سرطان (کینسر) کا معجزاتی روحانی علاج ☆ اسمائے شفاء ☆ علاج الجنیان والخبائث

0323-4487877, 042-35410586 مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ
+maktabatulaarif
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com
0332-4487877 | +maktabatulaarif

## خیال و سائنس

قیمت 200 روپے | صفحات 110

**مصنف: خالد خان خلجی**

انسانی سانس اور خیال کے عجیب و غریب کرشمات ہپناٹزم
مسمریزم اور ٹیلی پیتھی پر حیرت انگیز منفرد کتاب

☆ ہپناٹزم و ٹیلی پیتھی کا تعارف ☆ ہپناٹزم ☆ ٹیلی پیتھی ☆ مشاہدات اور حقائق یکسوئی ☆ ہپناٹسٹ اور ٹیلی پیتھ کون بن سکتا ہے؟ ☆ ہپناٹزم اور ٹیلی پیتھی کی وجہ سے اثرات ☆ قوت ارادی ☆ قوت ارادی بڑھانے کی مشق ☆ تصور کی پختگی کی مشق ☆ بلور بینی کی مشق ☆ طلوع آفتاب مشق ☆ شمس بینی ☆ ہاتھوں کی مقناطیسیت ☆ ہاتھوں میں مقناطیسیت پیدا کرنے کی مشق ☆ عملی تجربات و آزمائش ☆ لوگوں کو ہپناٹائز کرنا ☆ معمول کو ہپناٹائز کرنا ☆ نیند کا امتحان ☆ کام یا حکم ☆ معمول کو بیدار کرنا ☆ سوئے ہوئے کو ہپناٹائز کرنا ☆ بچوں کو ہپناٹائز کرنا ☆ معمول سے کام لینا ☆ بری عادات سے چھٹکارا ☆ امراض کا علاج ☆ دردوں کا علاج ☆ فالج کا علاج ☆ تعویذ برائے سوال و جواب ☆ یکسوئی کے مختلف اثرات ☆ تجربہ جنت ☆ سانس کی اقسام اور اوقات ☆ نکات و عجائبات نفس ☆ سانس سے بیماریوں کا علاج ☆ مصفی خون ☆ قوت باہ اور جوانی برقرار رکھنا ☆ بیماری سے شفاء کب ہو گی ☆ ہر مرض اور بیماری کا حیرت انگیز ☆ درد کا علاج ☆ محبت و تسخیر کا نفسی عمل۔

0323-4487877, 042-35410586 مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ
+maktabatulaarif
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com
0332-4487877 | +maktabatulaarif

## طلسماتی دنیا

صفحات 64 | قیمت: 250 روپے

**مصنف عامل مہتاب احمد**

دیوی، دیوتاؤں، بیر اور بھوت پلید کی تسخیرات پر مبنی ایک بہترین جامع کتاب
عملیات کے شائقین کے لیے تحفہ ایسی نایاب کتاب نہ آپ نے دیکھی ہوگی نہ سنی ہوگی

☆ حاضرات، تسخیرات کے فوائد ☆ مہادیوی، منوہادی دیوی ☆ منتر گنیشاہ ☆ گنیش گائتری منتر ☆ شیو کا گائتری منتر ☆ وشنو کا منتر ☆ تسخیر کالا کلوا ☆ تسخیر لونا چماری ☆ بیر کا عمل خ سند ھونی دیوی کا عمل ☆ حاضری برائے موہنی ☆ حاضرات برائے سحر گلاب ☆ حاضری برائے سحر گلاب ☆ حاضری برائے بنت ابلیس ☆ عمل برائے بھنوری ☆ تسخیر کالا بھیرو ☆ تسخیر اونی موہنی ☆ تسخیر برائے مسانی دیوی ☆ تسخیر مہاموہنی دیوی ☆ تسخیر کنک دیوی ☆ کامیشوری دیوی ☆ رتی پریا، پدمنی ☆ انوراگنی، وشالاہ ☆ اکشے پترا، سادھنا ☆ سادھنا کے حیران کن نتائج ☆ گنیش کا منتر ☆ اوم گم گنپتے گم نمہ ☆ تارا دیوی ☆ کنیری (کنیر کی دیوی) ☆ مہا کالی، سادھنا کا مفہوم ☆ سادھنا کے فوائد ☆ سادھنا کے اصول، آمد ☆ چندریکا دیوی ☆ شوبھنا ☆ مردنا ☆ بازی ☆ راکشس بھوت کا منتر ☆ بانے بیر کا منتر ☆ حاضری برائے بیر

0323-4487877, 042-35410586 مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ
+maktabatulaarif
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com
0332-4487877 | +maktabatulaarif

# دشمنوں کے لیے
# مجرب عملیات

حضرت امام غزالی رحمہ اللہ

## دشمن اور خصم سے حفاظت

مندرجہ ذیل نقش کو اپنے ناخن پر بنالو یا کاغذ پر لکھ کر اپنے ساتھ باندھ لو یا گھر میں لٹکالو، تمہارا دشمن تم پر قادر نہ ہوگا یا لوح وتختی پر لکھو اور اس کو پانی سے دھو کر وہ پانی اس کو پلادو، جس سے تم کو ڈر ہو تو وہ شخص تم سے مقابلہ کرنے کی طاقت نہ رکھ سکے گا کیونکہ اس کی زبان ہاتھ اور پاؤں ہمیشہ کیلئے بندھ گئے ہیں۔ نقش یہ ہے۔:

| ۴ | ه | ٢ |
|---|---|---|
| ٣ | ه | ٣ |
| ۴ | ١ | ٦ |

## دشمن کی کمر توڑ دینا: جبکہ وہ قبلہ کی طرف سے حملہ آور ہو

جب وہ قبلہ کی طرف سے حملہ آور ہو تو ایک کالا بچھڑا (نرگائے) ذبح کرے اپنے لشکر کے بیچ میں اور اس کے کان اور اس کی دم کاٹے اور ان کو بچھڑے کے منہ میں رکھ دے اور یہ آیت پڑھے: اِلَّا تَنْصُرُوْہُ فَقَدْ نَصَرَہُ اللّٰہُ (التوبہ:۴۰) سات (7) مرتبہ اور بیٹھ جائے، کہیں نہ جائے یہاں تک کہ دشمن شکست کھا کر بھاگ جائے گا۔

## دشمن کو قید کر دینا

جب تمہارا دشمن کو قید کرنے کا ارادہ ہو تو ایک کالا جنگلی بکرا ذبح کرو اور بکرے کے دل کو نکالو۔ پھر ایک مینڈک پکڑو۔ پھر مٹی کی ایک چھوٹی ہانڈی لو۔ پھر جس کو محبوس کرنے کا ارادہ ہو، اس کا نام لکھو۔ پھر تعویذ کو لکھو کاغذ پر۔ اس کے بعد اس تعویذ کو بکرے کے دل میں ڈال دو۔ پھر اس دل کو ہانڈی میں رکھو۔ پھر اس ہانڈی کو دشمن کی بستی میں دفن کر دو تو اللہ تعالیٰ ان کو محبوس وقید کرے گا اور وہ اللہ کے حکم سے حرکت بھی نہ کر سکیں گے۔ تعویذ یہ ہے عبرانی زبان میں۔

## دشمن اور چور وغیرہ سے حفاظت

مندرجہ ذیل تعویذ کے چار (4) رقع لکھو اور ان کو چاروں جہتوں میں دفن کر دو تو دشمن طاقت نہ رکھے گا اور اگر داخل ہو بھی جائے تو تجھ کو ذرہ برابر نقصان نہ پہنچا سکے گا، اللہ کے حکم سے۔ تعویذ یہ ہے:

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا لَا لَا لَا لَا لَا يُبْصِرُوْنَ لَا لَا لَا لَا لَا لَا ثُمَّ انْصَرَفُوْا صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَا لَا لَا لَا لَا لَا اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا لَا لَا لَا لَا لَا وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا لَا لَا لَا لَا لَا يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا لَا لَا لَا لَا لَا لَا۔ اللہ کی مدد سے تعویذ تمام ہوا۔

# جانوروں اور حشرات الارض کے کاٹے کا روحانی علاج

حضرت مولانا امان اللہ صاحب رحمۃ اللہ (میلسی)

## بچھو کے کاٹنے کا علاج

حدیث میں آیا ہے کہ چند صحابہؓ کہیں جا رہے تھے اور ایک بستی میں پہنچے اور ان سے روٹی مانگی۔ انہوں نے روٹی نہ دی۔ اچانک ان بستی والوں میں سے کسی کو بچھو نے کاٹ لیا تو وہ صحابہؓ کے پاس آئے اور کہا کہ اس پر دم کرو۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے فرمایا کہ ہم مفت دم نہیں کریں گے۔ جب تک تم ہمیں تیس (30) بکریاں نہ دیں تو ایک صحابی رضی اللہ عنہ نے سات (7) دفعہ سورت فاتحہ پڑھ کر دم کر دی اور اس کو اسی وقت آرام ہو گیا۔

## برائے کاٹنے بچھو کے

مندرجہ ذیل کلام کو تین (3) مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

شجۃ قرینۃ محلتۃ بحر فقطۃ۔

## خاص عمل زہر سانپ دور

مریض کو پاس آنے کی ضرورت نہیں۔ جو شخص بھی یہ خبر لائے کہ فلاں شخص کو سانپ نے کاٹا ہے تو اسے پانی دم کر کے پلا دے۔ مریض جہاں ہو، وہیں آرام ہو جائے گا۔ (مجرب ہے)

**عمل یہ ھے:** کہہ خدا سن اے محمد سپنی کی بس وس کیسی ہے، نبی پیارا ہانک پکارے جان بچے گھر بیٹھے کی، جو کوئی اُس دی خبر لیاوے پانی بھر دیجئے جی۔ اہ پیوے تے اوہ بچ جاوے ہُدّا ابو سمند کا جی۔

**ترکیب:** وضو کر کے بسم اللہ اور درود شریف پڑھ کر یہ ہُدّا تین (3) بار پانی پر دم کر کے پلا دیں۔ اگر بذریعہ تار یا خط کوئی اطلاع دے تو جوڑا کیہ آئے، اسے ہی پانی دم کر کے پلا دیں۔ ان شاء اللہ، مریض سینکڑوں میل دور صحت یاب ہو گا۔

موقع ہو تو دو تین (2،3) پانی دم کر کے پلا دیں۔

## برائے دفع زہر سانپ بچھو

کسی چُھری یا چاقو یا درخت کی شاخ ہاتھ میں لے کر آیت اِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْدًا وَّ اَكِيدُ كَيْدًا، بغیر بسم اللہ شریف کے پڑھیں اور شاخ وغیرہ سے ڈنگ کی جگہ سے اوپر نیچے کو جھاڑیں اور جھٹک دیں۔ بار بار یہ عمل کریں تاکہ اثر ختم ہو جائے۔

## برائے سگ گزیدہ و مار گزیدہ

آدھ پاؤ نمک سالم لے کر اس پر باوضو اوّل درود پانچ (5) بار، پھر الحمد شریف مع وصل میم اکتالیس (41) بار پڑھ کر دم کریں۔ کچھ نمک پر تھوک بھی دیں۔ پھر آخری چاروں قل شریف پڑھ کر دم کریں۔ اس مرتبہ بھی تھوک دیں۔ پھر پانچ (5) بار درود شریف پڑھیں۔ پھر یہ نمک سگ گزیدہ کئی دن چاٹے اور زخم پر بھی ملے۔ مار گزیدہ تین (3) دن عمل کرے۔ نمک کی ڈلی کو ایک طرف سے چاٹیں اور دوسری طرف زخم پر ملیں۔

## عمل دفع زہر سگ دیوانہ

نمک پر باوضو اوّل درود شریف و بسم اللہ شریف پڑھ کر سورۂ قریش گیارہ (11) بار پڑھیں۔ پھر یہ دعا پڑھیں: الٰہی بحرمت خواجہ محمد صادق ابن حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی قدس سرہٗ، بحکم ببرکت رسول اللہ ﷺ ایں اثر سگ دیوانہ گم شد۔ اور نمک پر دم کریں۔ مریض گیارہ (11) دن اس نمک کو غذا میں کھائے۔

## عمل دفع زہر عقرب و زنبور

بسم اللہ کے بعد ایک بار درود شریف، پھر یہ آیت پڑھ کر دم کریں ڈنگ پر، ان شاء اللہ آرام ہو گا۔ وہ آیت یہ ہے: وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ ﴿١٣٠﴾ (الشعرآء: ۱۳۰)

# طلسمی انگشتری

## حصول عزت وتوقیر، ترقی عہدہ وکاروبار، فراوانی مال ودولت

علامہ حکیم پیر صوفی غلام سرور شباب قادری (حویلی لکھا)

اگر آپ چاہیں کہ خاندان کے افراد اور ہر خاص وعام آپ سے عزت وتوقیر سے پیش آئیں، اجنبی لوگ بھی آپ کے گرویدہ ہوں۔ جہاں جائیں لوگ احترام سے پیش آئیں، کاروبار میں ترقی اور خیر وبرکت ہو۔ ملازمت میں اعلیٰ عہدہ پر ترقی ملے۔ مال ودولت میں فراوانی نصیب ہو سکے۔ ان تمام مقاصد کے حصول کے لیے مندرجہ ذیل طلسمی انگشتری بے نظیر ہے اور اپنے اثرات میں اکسیر اعظم ہے۔ طلسمی انگشتری کا نقش معظم قوی عشرہ کے قاعدہ سے تیار کیا جاتا ہے۔ عاملین جفر اس قاعدہ سے عجیب وغریب کام لیتے ہیں۔ یہ قانون مستحصلہ میں بھی بڑے کام آتا ہے۔ اور علم آثار میں بھی نہایت سریع الاثر ہے۔ آج کی نشست میں علم آثار الحفر کا ایک بے نظیر قاعدہ تحریر کر رہا ہوں۔

اس طلسمی انگشتری کا حامل لوگوں میں معزز رہتا ہے اور شاہانہ زندگی بسر کرتا ہے۔

ایسی بہو بیٹی جس کی سسرال میں عزت نہ ہوتی ہو، سسرالی لوگ بلاوجہ نفرت کرتے ہوں اور اسے بات بات پر بے عزتی کا نشانہ بناتے ہوں۔ خاوند بھی پرواہ نہ کرتا ہو۔ ایسی بہو بیٹی اگر طلسمی انگشتری تیار کر کے پاس رکھے تو ان شاء اللہ تعالیٰ تمام گھر والے اس کی عزت کرنے لگیں گے۔ اگر اسی گھر میں دوسری بہو بیٹیاں بھی ہوں تب بھی ان میں معزز رہے گی بلکہ سسرالی لوگوں اور خاوند کی آنکھوں کا تارا بنی رہے گی۔

ایسا کوئی فرد جو اپنی کسی بری حرکت کی وجہ سے دوسروں کی نظروں میں ذلیل وخوار ہو گیا ہو تو اسے اپنی عزت بحال کرنے لیے لیے، طلسمی انگشتری تیار کر کے اپنے پاس رکھنی چاہیئے۔

اگر کوئی ملازم اپنے عہدہ یا منصب سے معطل ہو جائے یا اسے نکال دیا جائے یا اس کی ترقی روک دی جائے تو عہدہ یا منصب کی بحالی کے لیے طلسمی انگشتری مذکورہ تیار کر کے پاس رکھیں۔ ان شاء اللہ منصب پر بحال ہو جائے گا۔ اگر ترقی رکی ہو تو وہ بھی مل جائے گی۔

کشائش رزق، خیر وبرکت اور ترقی کاروبار، فراوانی مال ودولت کے لیے یہ انگشتری اکسیر اعظم ہے۔ ایسے تمام افراد کے لیے یہ طلسمی انگشتری بے نظیر اور مانند اکسیر الاحمر ہے جن کا تعلق خلقت سے رہتا ہے۔ مثلاً ڈاکٹرز، حکماء، تاجر، دکاندار حضرات، وکلاء، انشورنس کمپنی کے ملازمین اور ایسے دیگر افراد۔

## تیاری کا طریقہ

انگشتری مذکورہ کی تیاری کا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام مع والدہ کے اعداد ابجد آدم سے استخراج کریں۔ پھر ان کو قویٰ عشرہ کریں اور مجموعہ کو یاد رکھیں۔ اب سورہ قدر کے اعداد (من الف شہر) تک ابجد آدم سے استخراج کریں اور ان کو قویٰ عشرہ کرلیں اور مجموعہ میں اپنے نام مع والدہ کے اعداد کا مجموعہ ملا کر تمام اعداد سے ایک مثلث خالی البطن پُر کریں اور مثلث کے بطن میں "یَامُعِزُّ اَعِزَّنِیْ بِعِزِّکَ یَاعَزِیْزُ" تحریر کریں۔

**مثال:** ایک مثال سے طلسم کی تیاری کا طریقہ تفصیلاً تحریر کرتا ہوں تا کہ ہر قاری بقدر ضرورت فیض یاب ہو سکے۔

مثلاً احسن علی بن نسیم کوثر کے لیے طلسم تیار کیا جاتا ہے۔ احسن علی بن نسیم کوثر کے اعداد ابجد آدم سے استخراج کر کے قویٰ عزہ کیا تو یہ اعداد حاصل ہوئے 58710 اور سورۂ قدر کی پہلی تین (3) آیات یعنی (من الف شھر) تک کے اعداد ابجد مذکورہ سے استخراج کر کے قویٰ عشرہ کیا تو یہ اعداد حاصل ہوئے 193080۔ اب ان دونوں کو جمع کیا تو مجموعہ حاصل ہوا 251790۔ اب ہمیں 251790 کا مثلث خالی البطن پر کرنا ہے۔

# خالی البطن کا طریقہ

مثلث خالی البطن پُر کرنے کا قانون یہ ہے کہ کل اعداد کو عدد 12 پر تقسیم کریں اور حاصل تقسیم کو خانہ اول میں رکھیں۔ اور ہر خانہ میں رفتار کے عدد سے خانہ اول کے اعداد سے ضرب دے کر لکھتے جائیں۔ اگر تقسیم کے عمل سے کچھ باقی بچے تو اسے خانہ ششم میں ڈالیں اور باقی خانوں میں بھی اس کا اضافہ کریں۔ نقش پُر ہو جائے گا۔ ہر ضلع کا میزان برابر ہوگا۔ وتر کے میزان کے چکر میں نہ پڑیں۔ رفتار مثلث خالی البطن یہ ہے۔

| ۱ | ۸ | ۳ |
|---|---|---|
| ۵ | | ۷ |
| ۶ | ۴ | ۲ |

مثلاً اعداد=251790 کا نقش مثلث خالی البطن پر کرنا ہے۔

تو قانون کے مطابق اعداد 251790 کو 12 پر تقسیم کیا تو حاصل تقسیم 20982 آیا اور باقی 6 بچا اور اصل نقش یہ تیار ہوا۔

۷۸۶

| ۲۰۹۸۲ | ۱۶۷۸۶۲ | ۶۲۹۴۶ |
|---|---|---|
| ۱۰۴۹۱۰ | يَا مُعِزُّ اَعِزَّنِيْ بِعِزَّتِكَ يَا عَزِيْزُ | ۱۳۶۸۸۰ |
| ۱۲۵۸۹۸ | ۸۳۹۲۸ | ۴۱۹۶۴ |

وفق ۲۵۱۷۹۰

درمیانی خالی خانہ میں ”یَا مُعِزُّ اَعِزَّنِیْ بِعِزَّتِکَ یَا عَزِیْزُ“ تحریر کریں۔ اسے شرف شمس، شرف مشتری، شرف قمر، شرف زہرہ یا ان سیاروں کے اوج کے اوقات یا اِن کے منسوبی ایام میں ساعت متعلقہ میں سرخ کاغذ پر زعفران و ماء الورد کی روشنائی سے تحریر کریں۔ بھوج پتر یا ہرن کی جھلی پر بھی تحریر کیا جا سکتا ہے۔

تحریر شدہ نقش کو تہہ کر کے تعویذ بنا کر اس کے اوپر سونے کا ورق لپیٹ دیں۔ جو لوگ سونے کے ورق کی طاقت نہ رکھتے ہوں۔ وہ گولڈن کاغذ لپیٹ لیں۔

اب اس نقش کو چاندی کی انگشتری میں رکھ کر اوپر سرخ رنگ کا نگینہ جڑا لیں۔

عورتیں اسے اپنے لاکٹ میں رکھ کر سرخ نگینہ جڑا سکتی ہیں۔

یہاں تک طلسم کی تیاری کا آدھا کام مکمل ہوا ہے باقی عمل کی تفصیل یہ ہے۔

جس دن نیا چاند طلوع ہو، اِس رات انگشتری اونچی جگہ آسمان کے نیچے رکھیں۔ مثلاً آپ کے مکان کی جو سب سے اونچی چھت ہے یا دیوار ہے اس پر رکھیں۔ واضح رہے کہ وہ جگہ بند نہ ہو۔ کشادہ ہو اور اس پر صرف آسمان کا سایہ ہو۔ اب اس کے سامنے بیٹھ کر ایک (1) تسبیح سورۃ القدر (من الف شہر) تک پڑھیں۔ اور انگشتری پر دم کریں۔ صبح سورج طلوع ہونے سے قبل اس کو اُٹھا کر اپنی تیسری یا سب سے چھوٹی انگلی میں پہن لیں۔ اگلی رات سورج غروب ہونے کے بعد انگشتری کو اونچی جگہ پر رکھ کر ایک (1) تسبیح سورۃ القدر حسب سابق پڑھ کر دم کریں اور اگلی صبح سورج طلوع ہونے سے قبل پہن لیں۔ چاند کی چودہ شب تک یہ عمل بلا ناغہ کریں۔ اب چودھویں شب کی صبح کو نماز فجر کے بعد انگشتری سامنے رکھ کر ”یَا مُعِزُّ اَعِزَّنِیْ بِعِزَّتِکَ یَا عَزِیْزُ“ ایک (1) تسبیح پڑھ کر دم کریں اور انگشتری کو پہن لیں اور اس کی حفاظت کریں۔ ان شاء اللہ ان ایام کے اندر اندر اپنے مقصد کو پا لیں گے۔ ناپاکی کی حالت میں بدن سے الگ رکھیں۔ پھر غسل کر کے پہن سکتے ہیں۔ دوران عمل ہی حامل انگشتری کے مقاصد پورا ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ مگر ضروری ہے کہ عمل مکمل کریں تا کہ یہ طلسمی انگشتری آپ کو عمر بھر کام دے۔

ہماری دُعا ہے کہ ہر ضرورت مند اس عمل سے فیض یاب ہو۔ ہم نے ہر بات وضاحت سے بیان کر دی ہے اگر پھر بھی کسی بات کی سمجھ نہ آئے تو جوابی لفافہ بھیج کر پوچھ سکتے ہیں۔

## صدری عملیات ڈھائیہ (2)

فیصل حمید نقشبندی قادری

قیمت: 2500 روپے۔ خاص اجازت کے ساتھ ہدیہ: 5000 روپے

### مجرب المجرب منتر اور ڈھائیہ عمل

* دشمن کو جوتے لگوانا * دشمن ذلیل وخوار * حب مجرب * عمل بندش مجرب * جادو تعویذ لٹکانا * مندرہ خاتمہ سحر جادو * تسخیر ومحبت ابلیس * خون جاری کرنا * موت کا عمل تیار کرنا * بندش مجرب حفاظت * عمل ہر کام کے لئے * حب ودب * دشمن کی ہانڈی چڑھانا * حب ودب * دشمن کو پاگل کرنا * حب موہن * حب جلالی * حب شیطانی * حب ابلیس * محبت دائمی * حب محمدی * شترو وناشک * ہنومان سدھی * تسخیر ہنومان * وڈال کا منا سدھی (کشف واسرار) * کالیکا دیوی حب ودب * سدھی ہر کاریہ * جادو جگانا * بھیروں کی چوکی * نظر بندی * منتر آسیب زدہ * تسخیر و حب * جادو پلٹانا

0323-4487877, 042-35410586 مکتبۃ العارف دارالعمل چشتیہ
+maktabatulaarif
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com
0332-4487877 | +maktabatulaarif

## تسخیر ابلیس لعین

قیمت: 3500 روپے، خاص اجازت کے ساتھ ہدیہ: 5000 روپے

مصنف: جارج پطرس صفحات: 124۔ فوٹو کاپی (اعلیٰ پیپر)

تسخیر ابلیس اور ابلیس کے کارندوں سے کام لینا۔ صدیوں پرانے وہ عملیات، جو آج تک صرف میرے خاندان میں چلے آرہے تھے

☆ بندش نیند محبوب ☆ جلب ومحبت سفلی ☆ شیطان جن مسلط کرنا ☆ مجرب المجرب حب ☆ دشمن پر جن لگانا ☆ دشمن کے گھر پتھر برسانا ☆ محبت مجرب ☆ دشمن کو جنات سے مار پڑوانا ☆ ہر کام کیلیے ☆ محبت سفلی (عورتوں کیلیے) ☆ محبت سفلی خاص (مردوں کیلیے) ☆ تعویذ خان سفلی (مردوں کیلیے) ☆ جس کو دیکھ کر پڑھو گے وہ آپ کا ☆ محبت سفلی مجرب آسان ☆ محبت تین (3) روزہ سفلی ☆ ہر کام کیلیے ☆ تسخیر ومحبت حاضری سفلی ☆ شدید سفلی گندا عمل ☆ محبت ہلاکت ہر کام کیلیے مجرب ☆ آسیب جن لگانا ☆ نقش ابلیس ہر کام کیلیے ☆ عمل حب عورتوں کیلیے ☆ نقش شیطانی ☆ تسخیر ومحبت سفلی ☆ جن موکل مسلط کرنا ☆ طلاق لڑائی فساد ☆ سفلی بخور ☆ حب ابلیس ☆ خاص عمل ☆ زجر سفلی ☆ زبان بندی ☆ کشف وخبر ☆ ہلاکت دشمن

0323-4487877, 042-35410586 مکتبۃ العارف دارالعمل چشتیہ
+maktabatulaarif
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com
0332-4487877 | +maktabatulaarif

## مہا سدھی پریوگ

قیمت: 2500 روپے، خاص اجازت کے ساتھ ہدیہ: 4500 روپے

از: جارج پطرس، سلطان قادری فوٹو کاپی (اعلیٰ پیپر) صفحات: 77

صدیوں پرانے سدھ عملیات تنتر منتر طلسمات وہمارے روزمرہ کے معمول اور مجربات سے ہیں۔ ایک بھی عمل غلط ثابت کرو انعام لیں

